http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے سلسلے کا 22 سال | ABC Certified | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارض وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر کراچی نیوز

چیف ایڈیٹر علی منصور

جلد : 23 | 17 رمضان المبارک 1446ھ ہفتہ 07 مارچ 2026ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 295

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے ہفتہ وار تعین کی منظوری: دفاتر کیلئے کام کے دنوں میں کمی پر غور

وزیراعظم کی صوبوں کو پیٹرولیم ذخیرہ اندوزوں کیخلاف سخت کارروائی کی ہدایت

جو بھی پٹرول پمپ مصنوعی قلت کے اس سکرو دھندے میں ملوث ہو اس کو فوراً بند کیا جائے اور اسکا لائسنس منسوخ کر کے قانونی کارروائی کی جائے، شہباز شریف

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) وزیراعظم نے صوبائی حکومتوں کو پٹرولیم مصنوعات کے ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی ہدایت کردی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرصدارت پٹرولیم مصنوعات سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں وزارت پٹرولیم نے ملکے کی بدلتی ہوئی صورتحال کے تناظر میں پٹرولیم مصنوعات کے ذخیرہ کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ملک میں پٹرولیم مصنوعات کا مناسب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

پاکستان کا ڈرون حملے کے بعد آذربائیجان کے ساتھ اظہار یکجہتی

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف کی آذربائیجان کے صدر الہام علیوف سے ٹیلیفونک گفتگو کی اور پیشکش (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر بھارتی میڈیا پھر جھوٹ پر اتر آیا، جعلی اور پرانی ویڈیوز چلانا شروع کر دیں

امریکی جریدے نے مودی کی اسرائیل نواز پالیسی کے منفی اثرات کا پوسٹ مارٹم کر دیا

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی جریدے ڈی جی جرنل نے مودی کی اسرائیل نواز پالیسی کے منفی اثرات کا پوسٹ مارٹم کر دیا۔ ڈی سی جرنل کے مطابق مودی کے دورہ اسرائیل سے پہلے ممالک میں بھارتی مفادات کو دھچکا لگنے کے خدشات بڑھنے لگے ہیں جبکہ نریندر مودی کے بھارتی تاجریں وطن کو مستقبل خطرات سے دوچار کر دیا۔ جریدے کے مطابق مودی کا دورہ اسرائیل معمول کی سفارت کاری نہیں بلکہ ایران مخالف (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

پاک فوج کا آپریشن غضب للحق جاری

527 طالبان ہلاک

سیکورٹی چیک پوسٹیں تباہ

پاک فوج نے بھاری آٹو مٹی فائر سے افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کی پوسٹوں کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں افغان طالبان پوسٹیں چھوڑ کر فرار ہوگئے، پاک فوج کی موثر حکمت عملی کے باعث افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کو بھاری نقصانات اور پسپائی کا سامنا ہے، آپریشن غضب للحق تاحال جاری ہے اور اپنے اہداف کے حصول تک جاری رہے گا، سیکورٹی حکام

راولپنڈی (نیوز رپورٹ) پاک فوج کے افغانستان میں جاری آپریشن غضب للحق کے دوران اب تک افغان طالبان کے 527 کارندے ہلاک اور 755 زخمی ہوچکے ہیں۔ پاک فوج نے 237 افغان چیک پوسٹیں تباہ اور 38 کیمپ قبضہ کرلیا ہے۔ وزیر اطلاعات مطلاللہ تارڑ کے ایکس پر جاری کردہ بیان کے مطابق آپریشن کے دوران 198 ایمونیشن، مختلف ہتھیار گاڑیاں اور توپیں بھی تباہ کی جاچکی ہیں۔ افغانستان بھر میں 62 ٹھکانات کو فضائی کارروائی میں مٹر طریقے سے نشانہ بنایا گیا ہے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق پاک افغان بارڈر پر کرم سیکٹر میں پاک فوج کی افغان طالبان کے خلاف کامیاب کارروائی میں متعدد چوکیں تباہ کردی گئیں۔ ڈرب اور قلعہ سیف اللہ سیکٹرز سے ملحقہ دہشت گرد ٹھکانوں کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاک فوج نے بھاری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)

لاہور: وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر اعظم محسن نقوی ملاقات کررہے ہیں

لبنان پر اسرائیلی بمباری جاری: 123 شہادتیں، ہزاروں افراد گھر چھوڑنے پر مجبور ہوگئے

فتح میں میزائل خطرے کی گھنٹی بجی میں موبائل فون پر ایمرجنسی الرٹ جاری

خیبر شکن میزائلوں کی بارش، ایران کا تل ابیب پر بڑا حملہ

حل ابیب کی فضائی صورتحال دکھانے والے ایک لائیو کیمرے کو حملے کے دوران اچانک نیچے سڑک کی جانب موڑ دیا گیا تاکہ آسمان میں داخل ہونے والے ایرانی میزائلوں کی تصاویر نشر نہ ہوسکیں، ایرانی ڈرونز نے خلیج عمان میں موجود امریکی طیارہ بردار بحری جہاز ابراہام لنکن کو بھی نشانہ بنانے کی کوشش کی، میڈیا رپورٹس

تہران حل ابیب، واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی پاسداران انقلاب نے گلف سموں سے لیس خیبر شکن میزائلوں کے ذریعے تل ابیب پر حملہ کرنے کا بھرپور کیا ہے۔ روسی میڈیا کے مطابق ایران نے اسرائیل پر ایک ساتھ درجنوں ڈرونز اور اسکل داغے۔ تاہم فوری طور پر یہ واضح نہیں ہوسکا کہ ان حملوں میں کتنا جانی یا مالی نقصان ہوا ہے۔ رپورٹس کے مطابق تل ابیب کی فضائی صورتحال دکھانے والے ایک لائیو کیمرے کو حملے کے دوران اچانک نیچے سڑک کی جانب موڑ دیا گیا تاکہ آسمان میں داخل ہونے والے ایرانی میزائلوں کی تصاویر نشر نہ ہوسکیں۔ اسی دوران شہر میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)

حل ابیب: ایران کی جانب سے فائر کیے گئے میزائلوں سے اسرائیلی آسمان پر شعلے بلند ہورہے ہیں

آئی ایم ایف کا پاکستان سے پیٹرول اور ڈیزل فوری مہنگا کرنے کا مطالبہ

جولائی تا دسمبر 6 ماہ کے دوران پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی کی مد میں 822 ارب روپے جمع ہوئے، پیٹرول اور ڈیزل ڈویلپمنٹ لیوی کا 30 جون تک کا 1468 ارب روپے کا ہدف پورا کیا جائے، آئی ایم ایف حکام کا مطالبہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان سے مالی قیمتوں کے مطابق پیٹرول اور ڈیزل فوری مہنگا کرنے کا مطالبہ کردیا ہے۔ پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اور چوتھی مذاکرات جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

ایران جنگ کی وجہ سے امریکا میں عربوں کی سرمایہ کاری خطرے میں پڑ گئی

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) امریکا اسرائیل اور ایران کے جنگ کی وجہ سے امریکا میں عربوں کی اربوں ڈالرز سرمایہ کاری خطرے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

مشرق وسطیٰ میں کشیدگی، حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل 55.55 روپے فی لیٹر مہنگا کردیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) حکومت نے مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کے باعث پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑا اضافہ کردیا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وزیرخزانہ محمد اورنگزیب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

اس وقت ایران میں زمینی فوج بھیجنے پر غور کرنا وقت کا ضیاع ہوگا، ٹرمپ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اس وقت ایران میں امریکی زمینی فوج بھیجنے پر غور کرنا وقت کا ضیاع ہوگا۔ امریکی ٹی وی کو دیے گئے ایک انٹرویو میں امریکی صدر نے کہا کہ فی الحال ایران میں امریکی فوجی بھیجنے کا کوئی منصوبہ زیر غور نہیں۔ ان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

ثالثی کی کوششیں ان ممالک کی طرف سے ہونی چاہئیں جنہوں نے اسے شروع کیا، ایرانی صدر

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی صدر مسعود پزشکیان کا کہنا ہے کہ موجودہ جنگ کے خاتمے کے لیے ثالثی کی کوششیں ان ممالک کی طرف ہونی چاہئیں جنہوں نے اس تنازع کو شروع کیا۔ سامی ریاضی ڈیب سائٹ اسٹس پر جاری اپنے بیان میں ایرانی صدر نے کہا کہ کچھ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)



پاکستان کے ہاتھوں بدترین ہزیمت

افغان طالبان رجیم کی میڈیا پر سچ چھپانے کی کوشش

پاکستان کی جانب سے آپریشن غضب للحق کے تحت کی گئی فضائی کارروائیوں کے بعد افغان طالبان رجیم کو شدید دبا اور شرمندگی کا سامنا ہے۔ اطلاعات کے مطابق طالبان حکومت نے اپنی ناکامی اور نقصان کو چھپانے کے لیے مقامی میڈیا پر سنسر شپ اور دبا میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ افغان میڈیا ادارے آمو ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق پاکستان کی فضائی کارروائیوں کے بعد طالبان حکام نے مقامی صحافیوں اور میڈیا اداروں کو سخت ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ ان حملوں سے متعلق کسی بھی قسم کی رپورٹنگ سے گریز کریں، خصوصاً وہ حملے جو طالبان کے فوجی مراکز اور ٹھکانوں کو نشانہ بنا کر کیے گئے۔

رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ طالبان حکام نے میڈیا کو خبردار کیا ہے کہ پاکستان کی فضائی کارروائیوں کے مقامات، نقصانات یا ہلاکتوں کی تعداد سے متعلق کوئی معلومات نشر یا شائع نہ کی جائیں۔ افغان میڈیا کے مطابق طالبان حکومت نے میڈیا اداروں کو باضابطہ طور پر انتباہ جاری کیا ہے کہ اگر کسی بھی پلیٹ فارم پر طالبان کی فوجی تنصیبات یا ٹھکانوں پر ہونے والے حملوں سے متعلق خبر شائع یا نشر کی گئی تو اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

دوسری جانب ماہرین کا کہنا ہے کہ پاکستان کی جوابی کارروائیوں میں تباہ ہونے والے ٹھکانوں اور نقصانات سے متعلق رپورٹنگ پر پابندی دراصل افغان طالبان رجیم کی کمزوری اور ناکامی کو ظاہر کرتی ہے۔ ماہرین کے مطابق میڈیا پر بڑھتی ہوئی پابندیاں اس بات کی نشاندہی کرتی ہیں کہ افغانستان میں طالبان حکومت کی سرپرستی میں دہشت گرد تنظیموں کے ٹھکانے موجود ہیں۔

رمضان کے دوسرے عشرے کے دوران بھی اشیائے ضروریہ کی قیمتیں آسمانوں پر

چکن 10.46 فیصد، لہسن کی قیمتوں میں 1.023 فیصد، گڑ 0.30 فیصد، مٹن کی قیمتوں میں 0.65 فیصد، بیف کی قیمتوں میں 0.66 فیصد، دال ماش کی قیمتوں میں 0.51 فیصد، پرنٹڈ لان کی قیمتوں میں 0.43 فیصد، پیٹرول کی قیمتوں میں 3.06 فیصد، ڈیزل کی قیمتوں میں 1.84 فیصد اضافہ ہوا، ذرائع

کراچی (رپورٹ محمد لفیل) رمضان المبارک کے دوسرے عشرے کے دوران بھی ملک میں مہنگائی میں اضافہ کا رجحان جاری ہے۔ حالیہ ہفتے ہفتہ وار مہنگائی میں 0.37 فیصد اضافہ ہوا ہے اور سالانہ بنیاد پر بھی مہنگائی میں اضافے کی رفتار کی شرح 70.4 فیصد رہی ہے۔ حالیہ ہفتے 13 اشیائے ضروریہ مہنگی اور 11 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کی رپورٹ کی گئی جبکہ 27 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ دفاتی اور اوورسٹاریات کی جانب سے مہنگائی سے متعلق ہفتہ وار رپورٹ جاری کردی گئی ہے۔ ہفتہ وار رپورٹ کے مطابق اٹھ سے 13 فیصد، ٹماٹر 10.04 فیصد، آلو 5.09 فیصد، پیاز 6.08 فیصد، دال مونگ کی قیمتوں میں 0.43 فیصد، دال چنا کی قیمتوں میں 0.50 فیصد، کنگ آئل کی قیمتوں میں 0.37 فیصد اور آٹے کی قیمتوں میں 2.40 فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔ چکن 10.46 فیصد، لہسن کی قیمتوں میں 1.023 فیصد، گڑ 0.30 فیصد، مٹن کی قیمتوں میں 0.65 فیصد، بیف کی قیمتوں میں 0.66 فیصد، دال ماش کی قیمتوں میں 0.51 فیصد، پرنٹڈ لان کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)

سائبر حملوں کا خدشہ: آئی پی سی سی نے ملک بھر میں اسناد کی تصدیق روک دی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سائبر حملوں کے خدشے کے باعث آئی پی سی سی نے ملک بھر میں میٹرک اور انٹر کی اسناد کی تصدیق روک دی ہے۔ ڈی جی آئی پی سی کے مطابق ایسے اور او لیول کی اسناد کی ایکویلنس اور ویریفکیشن سمیت دیگر آن لائن ویریفکیشن کا کام بھی بند کردیا گیا ہے، ویریفکیشن اور ایکویلنسی کا کام سائبر ایمرجنسی ریسپانس ٹیم (سی ای آر ٹی) کی ایڈوائزری پر بند کیا گیا ہے۔ کراچی، (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

امریکی قونصل خانے پر ہنگامہ آرائی میں 11 افراد کی ہلاکت، انکوائری کا آغاز

کراچی (رپورٹ فرزانہ حسین) کراچی میں امریکی قونصل خانے پر ہنگامہ آرائی کے دوران 11 افراد کی ہلاکت اور 30 سے زائد افراد کے زخمی ہونے کے واقعے پر ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی واقعات کا رائٹ کی سربراہی میں جانچ کمیٹی تشکیل دے دی۔ ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی انکوائری کا آغاز کر دیا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

جنگ جاری رہی تو تیل کی قیمت 150 ڈالر فی بیرل تک جاسکتی ہے: قطری وزیر توانائی

دوحہ (مانیٹرنگ ڈیسک) مشرق وسطیٰ کی موجودہ صورتحال پر قطری وزیر توانائی کا کہنا ہے کہ تیل کی قیمتوں سے متعلق بڑا خدشہ ظاہر کردیا گیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق قطر کے وزیر توانائی سعد شریدہ کعبی نے کہا ہے کہ تیل کی عالمی سطح پر قیمتوں میں توانائی کی پیداوار رکنے کے سبب ہیں۔ ان کا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

سندھ رینجرز کی کارروائی، ابڑو گینگ کے 4 ملزمان گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) پاکستان رینجرز (سندھ) نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے کراچی کے علاقے شاہ ٹاؤن فیز 3 سے ڈکیتی اور اسٹریٹ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

شہید عبداللہ مراد ایک نڈر اصول پسند اور عوام سے ہر تعلق رکھنے والے رہنما تھے

ناصر حسین شاہ

شہید عبداللہ مراد بلا تفریق ہر شخص کی بات سنتے اور اس کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کرتے تھے۔صوبائی وزیر

سید ناصر حسین شاہ نے کہا کہ شہید عبداللہ مراد نہ صرف ایک باصلاحیت سیاستدان تھے، بر سی کے موقع پر صوبائی وزیر کا پیغام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہید عبداللہ مراد کی 22 ویں برسی کے موقع پر صوبائی وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ نے اپنے سیاسی زندگی کو عوامی خدمت، جمہوری اقدار کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

ملک کے بیشتر حصوں میں گرمی کی شدت مزید بڑھنے کی پیشگوئی

سندھ کے مختلف علاقوں میں درجہ حرارت 37 ڈگری سینٹی گریڈ سے بھی تجاوز کر گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) رمضان المبارک کے دوران باقی بالائی علاقوں میں بھی روزے خشک رہنے کی پیشگوئی جبکہ میدانی علاقوں میں گرمی کا زور جاری رہنے کا امکان ظاہر کیا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

پاکستان کے خلاف سیریز کے لیے بنگلہ دیش ٹیم کا اعلان، بڑے ناموں کی چھٹی

لٹن داس کو حالیہ کمزور فارم کے باوجود اسکواڈ میں برقرار رکھا گیا ہے، لٹن داس کو چوٹ کے ساتھ اپنی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے کام کر رہے ہیں، چیئرمین سلیکشن پینل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کے خلاف 11 سے 15 مارچ تک (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

وزیراعظم کی محسن نقوی کی رہائش گاہ آمد، عیادت بھی کی

لاہور (ویڈیو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی وزیر سینیٹر محسن نقوی کی عیادت کی ہے۔شہباز شریف نے لاہور میں محسن نقوی کی رہائش گاہ پہنچ کر ان کی خیریت دریافت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

یکہ اور اسرائیل دہشت گردی بند کر

کراچی: امیر جماعت اسلامی کی جانب پکہ کو کنان امریکہ اور اسرائیل دہشت گردی کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں

کوئی پیٹرول پمپ فی خریدار 10 لیٹر سے زائد پیٹرول نہیں دے گا، سپلائر کمپنیوں کے خلاف کارروائی کی جائے

پمپ مالکان

پیٹرول پمپس پر جو پیٹرول آ رہا ہے وہ فوری فروخت ہو رہا ہے، کوئی پیٹرول پمپ پیٹرول یا ڈیزل ذخیرہ نہیں کر رہا،

تمام پیٹرول پمپس پر پیٹرول کی فروخت جاری ہے، جس حساب سے سپلائی دی جارہی ہے اسی حساب سے پیٹرول دستیاب ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن نے وزیراعظم کے پیٹرول پمپس کے خلاف کارروائی کے اعلان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

وزیر داخلہ سندھ کا جمعہ کے احتجاج کے پیش نظر سیکورٹی انتظامات کا جائزہ

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) سوموار کے دن امن وامان کی صورتحال اور جمعہ کے روز ممکنہ احتجاج کے تناظر میں وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار کی زیر صدارت اہم اجلاس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

مشرق وسطی کی صورتحال، پاکستان کی فضائی حدود سے گزرنے والی پروازوں میں 15 فیصد اضافہ

اوور فلائنگ پروازوں میں اضافے کے باعث پاکستان ایئر پورٹس اتھارٹی کو یومیہ تقریباً 8 لاکھ ڈالر آمدنی ہو رہی ہے، ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مشرق وسطی میں جاری کشیدہ صورتحال کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

کراچی: وزیر داخلہ سندھ سید مراد علی شاہ سے ضلعی علاقہ کرام کا وفد ملاقات کر رہا ہے

چیئرمین ایم کیو ایم پاکستان ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کا خدمت خلق فاؤنڈیشن کا دورہ

قوم کی مائیں بہنیں اور بیٹیاں ہماری معاشرتی طاقت ہیں

خالد مقبول

پستی سے پاکستان سمیت دنیا کے کئی معاشروں میں خواتین کو آج بھی تعلیم روزگار صحت تحفظ اور مساوی مواقع کے حصول میں مختلف سماجی اور معاشی رکاوٹوں کا سامنا ہے خواتین کے حقوق کے تحفظ کے لیے قوانین تو موجود ہیں مگر ان پر عمل درآمد نہ ہونے کے باعث خواتین کو ہراسانی، استحصال اور عدم تحفظ جیسے مسائل کا سامنا رہتا ہے، چیئرمین ایم کیو ایم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے خواتین کے عالمی دن کے موقع پر مرکز بہادر آباد سے جاری کردہ اپنے خصوصی پیغام (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

ایرانی سپریم کی جانشینی کیلئے سابق صدر حسن روحانی کا نام بھی زیر غور

شیراز (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران پر حملہ بولنے امریکی و اسرائیلی مشترکہ حملے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

کراچی، بیوی سے جھگڑے پر وکیل نے خود کو گولی مار کر خودکشی کر لی

40 سالہ سجاد منگی ایڈووکیٹ ملیر کھوکھراپار کا رہائشی تھا، ریسکیو ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اہلی بیوی سے جھگڑے پر وکیل نے خود کو گولی مار کر خودکشی کر لی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

شمالی وزیرستان میں چیک پوسٹ پر خودکش حملہ

میرانشاہ (مانیٹرنگ ڈیسک) شمالی وزیرستان کے ضلع میرانشاہ میں خودکش حملہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

کراچی: سیکورٹی صورتحال کے پیش نظر پاکستان رینجرز سندھ کے جوان الرٹ کھڑے ہیں

کراچی؛ گاڑی کی ٹکر سے زخمی ہونے والا موٹر سائیکل سوار ہلاک

پولیس نے ضابطے کی کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے زخمی ہونے والا موٹر سائیکل سوار دوران علاج جاں بحق ہو گیا۔تفصیلات کے مطابق بھینس کالونی موڑ کے قریب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

شہر قائد میں لفٹ کے نیچے دب کر نوجوان جاں بحق

ضروری کارروائی کے بعد لاش کو ورثا کے سپرد کر دیا گیا، واقعہ کی تحقیقات شروع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) لانڈھی زون نمبر ایک میں لفٹ کے نیچے دب کر نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ریسکیو ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والے نوجوان کی لاش کو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

کراچی: گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری ایرانی قونصل جنرل سے ملاقات کر رہے ہیں

کراچی، 3 ماہ قبل اغوا ہونے والا بچہ بازیاب، میاں بیوی ملزمان گرفتار

پولیس ٹیم نے انتھک محنت اور ٹیکنیکل مہارت کا استعمال کرتے ہوئے معصوم بچے کو بازیاب کرایا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) 3 ماہ قبل سول اسپتال سے اغوا ہونے والے بچے کو بازیاب کر کے کراچی سے اغوا ہونے والے بچے کو بازیاب کرایا گیا۔تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ ٹی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

حیدرآباد سی ٹی ڈی کی بڑی کارروائی

فتنہ الہندستان کا تربیت یافتہ دہشتگرد گرفتار

کارروائی کے دوران علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن بھی شروع کر دیا گیا تاکہ کسی ممکنہ ساتھی کو بھی گرفتار کیا جا سکے، ترجمان سی ٹی ڈی

کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الہندوستان اور سندھ ریوولیشن آرمی (ایس آر اے) سے تعلق رکھنے والے ایک خطرنا ک دہشت گرد کو گرفتار کر لیا۔سی ٹی ڈی حکام کے مطابق قاسم آباد کے علاقے میں کارروائی کے دوران علاقہ مکمل انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) نے خفیہ اطلاع پر حیدرآباد (اسٹاف رپورٹر) حیدرآباد میں مکمل انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الہندوستان اور سندھ ریوولیشن آرمی (ایس آر اے) سے تعلق رکھنے والے ایک خطرناک دہشت گرد کو گرفتار کر لیا۔سی ٹی ڈی حکام کے مطابق قاسم آباد کے علاقے میں

وزیر اعلیٰ بلوچستان کے زیر صدارت اجلاس، گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے بجٹ کی منظوری

گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی سالانہ آمدن 7 کروڑ جبکہ اخراجات 87 کروڑ روپے ہونا تشویشناک ہے، گوادر کی ترقی کے لیے ادارہ جاتی اصلاحات اور مالی نظم و ضبط ناگزیر ہے

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی سالانہ بجٹ کی منظوری دے۔۔وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی گورننگ باڈی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)

پاکستان میں مقامی سطح پر کم قیمت الیکٹرک گاڑی کی تیاری کا عمل شروع

پاکستان ای وی گاڑی رواں سال جون یا جولائی تک متعارف کرا دی جائے گی اور یہ مکمل طور پر مقامی سطح پر ہوگی، چیئرمین آئی ڈی بی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کی 77 سالہ تاریخ میں پہلی بار 100 فیصد مقامی پرزوں سے میڈ ان پاکستان کار کی تیاری کا عمل شروع کر دیا گیا ہے جس الیکٹرک گاڑی ہوگی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

فرنیچر کے خفیہ خانوں میں چھپا کر ممنوعہ ادویات سعودی عرب اسمگل کرنے کی کوشش ناکام

تمام کیس پراپرٹی کو سیل کر کے اے این ایف پولیس اسٹیشن کلفٹن منتقل کر دیا ہے، جہاں ملزمان کے خلاف باقاعدہ مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اے این ایف نے ممنوعہ ادویات سعودی عرب اسمگلنگ کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 17 سے 18 کروڑ مالیت کی ممنوعہ ادویات برآمد کر لی ہیں۔(باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

پہلی ملاقات کیسے محبت میں بدل گئی؟ محمود اسلم کا دلچسپ انکشاف

امان اللہ کے مذاق نے اداکار کی محبت کی کہانی کا رخ بدل دیا، پاکستان کے نامور سینئر اداکار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کے نامور سینئر اداکار محمود اسلم نے اپنی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

کراچی سے نکاح کیلئے آنے والا نوجوان حیدرآباد میں لٹ گیا

دلہن اور ساتھی لفٹری و کپڑے لے کر فرار، محمد عثمان کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے کارروائی کرتے ہوئے تین خواتین کو گرفتار کر لیا گیا ہے، پولیس حکام

حیدرآباد (اسٹاف رپورٹر) نکاح کے نام پر فراڈ کا ایک حیران کن واقعہ سامنے آیا ہے جہاں کراچی سے شادی کے لیے آنے والا نوجوان اپنے والدین کے ہمراہ دھوکے کا شکار ہو گیا۔(باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

کراچی پولیس کا غیر قانونی مقیم غیر ملکیوں کی شکایات کے لیے سینٹرلائزڈ کمپلینٹ سیل قائم

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) ایڈیشنل آئی جی کراچی کے دفتر سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق کراچی پولیس نے شہر میں غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکیوں خصوصاً افغان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

شہر میں امن وامان برقرار رکھنا حکومت کی ذمہ داری ہے

وزیر اعلیٰ سندھ

حکومت بہترین سیکیورٹی انتظامات کر رہی ہے، علماء کے کرام تعاون کریں، علماء کے کرام سے مشاورت کا مقصد ہم آہنگی کو فروغ دینا اور قیام امن کی کوششوں کو مزید مضبوط بنانا ہے، اجلاس میں سیکورٹی اور انتظامی اقدامات پر تبادلہ خیال

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے جمعہ کو وزیر اعلیٰ ہاؤس میں ممتاز شیعہ علماء کرام (علامہ نظمیہ) کے ساتھ ایک اہم اجلاس کی صدارت کی جس میں یوم علی، یوم قدس اور عقد الاواح کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا اور کٹے کی موجودہ صورتحال (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

کراچی میں مختلف بند سڑکوں کو ٹریفک کیلئے کھول دیا گیا

مائی کولاچی روڈ پر پھاٹک سے جناح برج تک ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹریفک پولیس کی جانب سے شہر کی مختلف سڑکوں کو کھول دیا گیا ہے۔ٹریفک پولیس کے مطابق جناح برج سے پی ٹی ڈی سی جانے والا روڈ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)



ایرانی اسکول پر حملہ امریکی فوج نے کیا، نیویارک کی تحقیقاتی رپورٹ میں انکشاف

حملہ اسی وقت ہوا جب اسکول کے قریب واقع ایک بحری اڈے کو بھی نشانہ بنایا گیا تھا جو ایران کی پاسداران انقلاب کے زیر انتظام بتایا جاتا ہے، رپورٹ

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی اخبار نیویارک ٹائمز نے دعویٰ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)

گورنر سندھ کی ایرانی قونصلیٹ کراچی آمد، قونصل جنرل سے ملاقات، تعزیت

کراچی (رپورٹ ارشاد عالم) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری ایرانی قونصلیٹ کراچی پہنچے جہاں قونصل جنرل اکبر بیگی زادہ نے ان کا خیر مقدم کیا۔اس موقع پر گورنر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28)

کراچی: صوبائی وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ نے ڈی ایم سی ملیر کی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

صوبائی وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ کا ڈومسائل اور ترقیاتی کاموں کے تبادلوں پر سے پابندی ہٹائیں

ایڈیشنل آئی جی کمپلینٹس کا مطالبہ

ایم کیو ایم کو جن اشوز پر بات کرنی چاہیے اسکی جگہ ناؤن اشوز پر بات کرتی ہے یہی روش جماعت اسلامی اور پی ٹی آئی کی ہے، پیپلز پارٹی مقامی ملازمین کو پتا سمجھے اور انصاف کرے ہم اس سے بہتری کی امید اور فوری پابندی ہٹانے کی امید رکھتے ہیں، رباب حسین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایڈیشنل کمپلینٹ کمشنر کراچی کے صدر سید رباب جعفری نے صوبائی وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

حکومت پر قرضوں کے بوجھ میں سالانہ بنیادوں پر 7000 ارب روپے اضافہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مرکزی حکومت پر قرضوں کا بوجھ مزید بڑھ گیا، قرضوں کے حجم میں سالانہ بنیادوں پر سات ہزار ارب روپے کا اضافہ ہو گیا۔اسٹیٹ بینک کے ذرائع کے مطابق مرکزی حکومت پر جنوری 2026 میں مجموعی قرضوں کا حجم 79 ہزار 322 ارب روپے ہو گیا،جنوری 2025 میں مجموعی قرضوں کا حجم 72 ہزار 124 ارب روپے تھا۔

مقامی اور عالمی مارکیٹ میں سونے کی قیمتوں میں کمی، چاندی کے نرخ بڑھ گئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مقامی اور عالمی مارکیٹ میں سونے کی قیمتوں میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے، جس کے بعد خریداروں کے لیے سونا نسبتاً سستا ہو گیا ہے۔آل پاکستان صرافہ ٹجرز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق بین الاقوامی بین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 34 ڈالر کی کمی سے 5 ہزار 110 ڈالر کی سطح پر آ گئی۔عالمی مارکیٹ میں کمی سے مقامی مارکیٹ میں بھی فی تولہ سونے کی قیمت تقریباً 400 روپے کی ہوئی۔

امریکہ، اسرائیل اور بھارت کا ایجنڈا ایک ہے: حافظ نعیم الرحمٰن

کراچی (میرو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ امریکہ، اسرائیل اور بھارت کا ایجنڈا ایک ہے۔سندھ کے ضلع سکھر میں تقریب سے خطاب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

شاہد عرف ابا قادری کی دینی و تنظیمی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، ثروت اعجاز قادری

مرحوم بانی پاکستان سنی تحریک سلیم قادری کے قریبی ساتھی اور مخلص کارکن تھے، اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے، بلال سلیم قادری شامی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بانی پاکستان سنی تحریک سلیم قادری کے دیرینہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

کراچی: سربراہ ایم کیو ایم پاکستان ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی امدادی کیمپ کا دورہ کر رہے ہیں

وزیر صدارت اجلاس، گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے بجٹ کی منظوری

گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی سالانہ آمدن 7 کروڑ جبکہ اخراجات 87 کروڑ روپے ہونا تشویشناک ہے، گوادر کی ترقی کے لیے ادارہ جاتی اصلاحات اور مالی نظم و ضبط ناگزیر ہے

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی سالانہ بجٹ کی منظوری دے۔۔وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی گورننگ باڈی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)

پاکستان میں مقامی سطح پر کم قیمت الیکٹرک گاڑی کی تیاری کا عمل شروع

پاکستان ای وی گاڑی رواں سال جون یا جولائی تک متعارف کرا دی جائے گی اور یہ مکمل طور پر مقامی سطح پر ہوگی، چیئرمین آئی ڈی بی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کی 77 سالہ تاریخ میں پہلی بار 100 فیصد مقامی پرزوں سے میڈ ان پاکستان کار کی تیاری کا عمل شروع کر دیا گیا ہے جس الیکٹرک گاڑی ہوگی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

فرنیچر کے خفیہ خانوں میں چھپا کر ممنوعہ ادویات سعودی عرب اسمگل کرنے کی کوشش ناکام

تمام کیس پراپرٹی کو سیل کر کے اے این ایف پولیس اسٹیشن کلفٹن منتقل کر دیا ہے، جہاں ملزمان کے خلاف باقاعدہ مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اے این ایف نے ممنوعہ ادویات سعودی عرب اسمگلنگ کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 17 سے 18 کروڑ مالیت کی ممنوعہ ادویات برآمد کر لی ہیں۔(باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

پہلی ملاقات کیسے محبت میں بدل گئی؟ محمود اسلم کا دلچسپ انکشاف

امان اللہ کے مذاق نے اداکار کی محبت کی کہانی کا رخ بدل دیا، پاکستان کے نامور سینئر اداکار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کے نامور سینئر اداکار محمود اسلم نے اپنی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

کراچی سے نکاح کیلئے آنے والا نوجوان حیدرآباد میں لٹ گیا

دلہن اور ساتھی لفٹری و کپڑے لے کر فرار، محمد عثمان کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے کارروائی کرتے ہوئے تین خواتین کو گرفتار کر لیا گیا ہے، پولیس حکام

حیدرآباد (اسٹاف رپورٹر) نکاح کے نام پر فراڈ کا ایک حیران کن واقعہ سامنے آیا ہے جہاں کراچی سے شادی کے لیے آنے والا نوجوان اپنے والدین کے ہمراہ دھوکے کا شکار ہو گیا۔(باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

شمالی وزیرستان میں چیک پوسٹ پر خودکش حملہ

میرانشاہ (مانیٹرنگ ڈیسک) شمالی وزیرستان کے ضلع میرانشاہ میں خودکش حملہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

مشرق وسطیٰ میں جنگی صورتحال، چہدن بعد پہلی پرواز کی پاکستان آمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مشرق وسطیٰ میں جنگی صورتحال کے باعث پانچ دن بعد پہلی پرواز کی پاکستان آمد ہوئی ہے۔۔جدہ سے فی ایئر ایران کی پہلی پرواز کراچی پہنچ گئی، پرواز 28 فروری سے دبئی میں پھنسے مسافروں کو بحفاظت ریفیوٹ کے طور پر جدہ لے گئی، پرواز میں 300 سے زائد مسافر موجود (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

لاہور کی نکاح والی گلی، کریم آباد انڈر پاس کی ویڈیو شیئر کرنے پر میئر کراچی تنقید کی زد میں آ گئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب صدیقی کو کریم آباد انڈر پاس کی ایک ویڈیو اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر شیئر کرنے کے بعد عوام کی جانب سے سخت تنقید کا سامنا ہے۔میئر کراچی نے 2 مارچ 2026 کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

لانڈھی: موٹر سائیکل بجلی کے پول سے ٹکرانے سے نوجوان جاں بحق

لانڈھی (اسٹاف رپورٹر) موٹر سائیکل بجلی کے پول سے ٹکرانے سے نوجوان جاں بحق ہو گیا۔لانڈھی کے علاقے رسول آباد میں حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا، حادثے میں موٹر سائیکل سوار 17 سالہ نوجوان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

نواحی ناؤن نندو کے گاؤں علی محمد خاصخیلی کے نوجوان بیاری سے تنگ آ کر خودکشی کر لی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نواحی ناؤن نندو کے گاؤں علی محمد خاصخیلی کے نوجوان شاہ اللہ خاصخیلی نے شوگر کی طویل بیاری اور شدید مایوسی کے باعث خودکشی کر لی۔مقامی افراد اور خاندان والے دانتے پر گہرے صدمے کا شکار ہیں۔پولیس کے مطابق نوجوان نے یہ انتہائی اقدام اپنے گھر میں کیا، اور واقعے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔مقامی سماجی حلقے صحت کی مناسب سہولیات کی فراہمی پر زور دے رہے ہیں۔

ایس آئی یو تھانے پر چھاپہ، پولیس کی گاڑی سے غیر قانونی زیر حراست افراد برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جوڈیشل مجسٹریٹ ساؤتھ مشرقی خواجہ اجمل نے ایس آئی یو تھانے پر چھاپہ مارا جہاں پولیس اسٹیشن میں کھڑی قیدی وین سے 6 افراد کو برآمد کر لیا گیا۔تفصیلات کے مطابق 6 افراد کو بغیر کسی ایف آئی آر کے حراست میں رکھا گیا تھا۔گرفتاری کا کوئی میمو یا قانونی ریکارڈ موجود نہیں تھا۔جوڈیشل مجسٹریٹ کے حکم پر تمام افراد کو رہا کر دیا گیا۔

روزنامہ تشکر نیوز کراچی
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن رپورٹ پبلی کیشنز III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

مرتضیٰ وہاب کا جہانگیر روڈ کا ایک کریک چند دن میں کھولنے کا اعلان

بلدیہ عظمیٰ کراچی آئندہ بجٹ کی تیاری کے لیے عوام سے براہ راست تجاویز بھی حاصل کرے گی تاکہ شہریوں کی ضروریات کے مطابق منصوبہ بندی کی جاسکے، مرتضیٰ وہاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر سینئر مرتضیٰ وہاب نے جہانگیر روڈ پر چاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا اور شہریوں کے لیے اچھی خبر دیتے ہوئے ہدایت جاری کی کہ ایک کریک کو آئندہ چند دنوں میں ٹریفک کے لیے کھول دیا جائیگا۔ معائنے کے دوران میئر کراچی نے کہا کہ انہیں عوام کو درپیش مشکلات اور تکالیف کا مکمل اندازہ ہے، اسی لیے وہ ہر منٹ خود فرقی ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینے آتے ہیں تاکہ کام کی رفتار کو تیز رکھا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ پورا شہر ان کی ذمہ داری ہے اور اس وقت کراچی کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کام جاری ہیں، جو ان کی جماعت کی قیادت اور چیئرمین سے کیے گئے وعدوں کے مطابق مکمل کیے جا رہے ہیں۔ میئر سینئر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ آنے والے دنوں میں شہر بھر میں بڑے پیمانے پر ترقیاتی سرگرمیاں شروع کی جائیں گی اور اب ہر علاقے کو ترقیاتی منصوبوں کا فائدہ پہنچے گا۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے بلدیہ عظمیٰ کراچی آئندہ بجٹ کی تیاری کے لیے عوام سے براہ راست تجاویز بھی حاصل کرے گی تاکہ شہریوں کی ضروریات کے مطابق منصوبہ بندی کی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ بلدیہ عظمیٰ کراچی کے ترقیاتی منصوبوں کو شفافیت اور جوابدہی کے ساتھ مکمل کیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ منصوبوں میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، اگر کام میں سستی ہوئی تو ایسے افسران کی ضرورت نہیں، وہ گھر جائیں۔ اس موقع پر ڈی جی ڈی ایس بلدیہ عظمیٰ کراچی اور دیگر افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔

تین ماہ بعد سول ہسپتال سے اغوا شدہ بچہ بازیاب، اغوا کار میاں بیوی گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) ڈسٹرکٹ سٹی پولیس نے تین ماہ قبل سول ہسپتال کراچی سے اغوا ہونے والے بچے کو بحفاظت بازیاب کروالیا۔ پولیس نے اغوا کار میاں بیوی کو گرفتار کرلیا۔ ایس ایس پی سٹی عارف عزیز کے نوٹس پر ایس ڈی ای او سیگا ظفر پٹھان کی سربراہی میں تشکیل دی گئی ٹیم نے ٹیکنیکل بنیادوں پر نارگٹڈ کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کی نشاندہی کی اور فرحت عین کو گارڈن کے علاقے عیسیٰ نیمرس سے گرفتار کیا۔ واضح رہے کہ تین ماہ قبل سول ہسپتال کراچی سے اذان نامی بچہ اغوا ہوگیا تھا، جس کا مقدمہ نمبر 401/2025 بجرم دفعہ 364-A پاکستان کے تحت تھانہ جیکوب لائن میں درج کیا گیا تھا۔ پولیس ٹیم نے تین ماہ کی مسلسل محنت اور حکمت عملی کے بعد بچے کو بحفاظت بازیاب کروا کر والدین کے حوالے کردیا۔ بچے کے والدین نے سندھ پولیس اور خصوصاً ڈسٹرکٹ سٹی پولیس کا شکریہ ادا کیا۔ ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی جاری ہے، جبکہ ایس ایس پی سٹی نے اس کامیاب کارروائی پر ٹیم کے لیے تعریفی اسناد اور ریشن پروائز کا اعلان کیا ہے۔

ایران پر امریکی و اسرائیلی حملے، علماء مشائخ فیڈریشن کی اپیل پر ملک بھر میں یوم سیکجہتی ایران منایا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملک بھر کے علماء مشائخ کی نمائندہ تنظیم علماء مشائخ فیڈریشن آف پاکستان کی اپیل پر جمعہ کے روز ملک بھر میں ایران پر امریکی و اسرائیلی حملے، اسلامی جمہوری ایران کے رہبر آیت اللہ خامنہ ای کی شہادت پر احتجاج کیلئے یوم سیکجہتی ایران منایا گیا۔ نماز جمعہ کے خطبات میں آئمہ کرام علماء و مشائخ نے ایرانی قوم اور حکومت سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے ایران کے خلاف امریکہ اور اسرائیل کی کارروائیوں کو کھلی جارحیت قرار دیتے ہوئے شدید مذمت کی ہے انہوں ایران پر امریکی و اسرائیلی حملے ایرانی حکومت اور عوام سے یکجہتی کا اظہار اور ایرانی قیادت کی شہادتوں پر تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای، اعلیٰ قیادت اور بے گناہ شہریوں کی ہلاکت انتہائی دلخراش سانحہ ہے، یہ حملہ صرف ایک ملک پر نہیں بلکہ پورے خطے کے امن اور استحکام پر حملہ ہے انہوں نے کہا کہ برسوں سے اسرائیل مسلم دنیا کے خلاف فتنہ و ریشہ دوانیاں کرتے ہوئے یہ کہیں عالمی طاقتیں اور بین الاقوامی ادارے اسے روکنے میں تجیدہ کردار ادا کرنے میں ناکام رہے ہیں خطرہ ظاہر کیا کہ پاکستان شہروں میں جمعہ کے اجتماعات کے خطاب کرتے ہوئے ملک بھر کے علماء مشائخ کی نمائندہ تنظیم علماء مشائخ فیڈریشن آف پاکستان کے سربراہ مفتی ابو سعید شاہ، سینئر نائب صدر پیر صاحبزادہ احمد عمران نقشبندی سجادہ نشین آستانہ عالیہ چیچہ پیر بٹالہ، مشائخ فیڈریشن آف پاکستان کے مرکزی صدر پیر اختر رسول قادری سیکرٹری جنرل فیصل مکی تکیل قاضی، پاکستان بھر سے ہر مکتبہ فکر کے علماء مشائخ پیر زادہ امام امین، پیر زادہ محمد اکرم رضا بخاری، پیر عبدالقادر جیلانی، پیر اشرف، پیر غلام رسول اویسی، پیر محمود خریدالدین، پروفیسر ڈاکٹر جلال الدین قریشی، علامہ مفتی حفیظ اللہ ہادیہ، پروفیسر ڈاکٹر سید سہروردی، پیر سید ارشد حسنین اشرفی، پیر سید محمد خرم شاہ بیاتی، پروفیسر ڈاکٹر علامہ سعید سہروردی، پروفیسر ڈاکٹر میاں نقشبندی ایڈووکیٹ سپریم کورٹ، خطیب بطیبیہ علامہ سید محسن کاظمی، پیر سید علی رضا گیلانی، پیر سید اظہر اقبال شاہ، پیر سید اطہم شاہ بخاری، صاحبزادہ پیر ذیشان کیسانی، پیر شوہر اطہری، ڈاکٹر طارق شریف زادہ، پیر عاصم مصطفیٰ سہروردی، پیر فضل حق اویسی، پیر سید علی رضا شاہ گیلانی، ڈاکٹر طارق شریف زادہ، پیر اختر رسول قادری، پروفیسر ڈاکٹر علامہ ضیاء الدین، پروفیسر علامہ ڈاکٹر محمود عالم خرم آسی جیلانی، مفتی عابد حسین مہروی، علامہ محمد افضل قادری، مفتی امین شاہ، قمر الدین، قاری طارق نظر، مفتی عارف، علامہ ارشاد الزمن مصطفائی، مولانا سلمان طلحہ اور دیگر نے امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر جعلی حملوں اس کا نتیجے میں ہونے والی تباہی اور جانی نقصان کی شدید الفاظ نے مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ کارروائیاں خطے کے امن کے لیے سنگین خطرہ ہیں عالمی طاقتیں اور بین الاقوامی ادارے اس پر خاموش تماشائی بنے رہے ہیں جس کے باعث بے گناہ انسانوں کی جانیں ضائع ہو رہی ہیں پورا خطہ عدم استحکام کا شکار ہو رہا ہے عالمی برادری کو چاہیے کہ فوری طور پر جارحیت کا نوٹس لیں اور خطے میں امن کے قیام کے لیے اپنا کردار ادا کرے مسلم ممالک کو بھی مشترکہ لائحہ عمل وضع کرنا ہوگا تاکہ امت مسلمہ کے خلاف ہونے والی سازشوں کا مقابلہ کیا جا سکے، اب وقت آچکا ہے کہ پوری اسلامی دنیا کے حکمران دشمنان اسلام کے مقابلہ کرنے کے لیے یکجا ہو جائیں، انہوں نے کہا کہ ترمپ نے اسرائیل کے ساتھ مل کر دنیا بھر میں جنگ کی آگ بھڑکا دی، طاغوتی قوتیں امت مسلمہ کے خلاف مشترکہ ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں، ایران کے خلاف کارروائیاں کھلی جارحیت ہیں۔

ساؤتھ پولیس کا اسلحے کی نمائش اور کالے شیشوں کے خلاف کریک ڈاؤن، 4 افراد گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) افسران بالا کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ ساؤتھ پولیس کی جانب سے اسلحے کی نمائش، کالے شیشوں اور فینسی نمبر پلیٹس والی گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ تھانہ ڈیفنس پولیس کے کارروائی کے دوران چار افراد کو حراست میں لے لیا۔ کارروائی میں دو سکیورٹی گارڈز نصیر احمد ولد حنیف اور نجم الدین ولد حنیف کو بغیر لائسنس اسلحہ کی نمائش کرتے ہوئے گرفتار کیا گیا۔ ملزمان کے قبضے سے لائسنس یافتہ اسلحہ برآمد ہوا، جس میں ایک 30 بور رائفل بمعہ 7 زندہ راؤنڈ اور ایک 223 رائفل بمعہ 2 زندہ راؤنڈ شامل ہیں۔ ان کے خلاف مقدمہ نمبر 143/2026 بجرم دفعہ 188 تعزیرات پاکستان کے تحت درج کر لیا گیا۔ مزید کارروائی میں کالے شیشوں اور فینسی نمبر پلیٹس والی دو گاڑیوں کو روکا گیا۔ گاڑیوں میں ملزمان کی شناخت

بقیہ روزنامہ تشکر 1

دخترہ جوہرہ، وزیر مملکت برائے سمندری امور، بلدیات اور ہاؤسنگ کی ایک پٹرولیم مصنوعات کے نجی ذخیرہ اندوزوں کے خلاف حالیہ کارروائی کا رواں کریں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ جو بھی ذخیرہ اندوزی کرے گا اس کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔ وزیر اعظم نے بدایت دی کہ پٹرولیم مصنوعات کی ذخیرہ اندوزی کے خلاف حالیہ کارروائی کو جاری رکھا جائے۔ وزیر اعظم نے ہدایت دی کہ پٹرولیم مصنوعات کی ذخیرہ اندوزی کے بقول ذریعہ ذمہ داری کے ساتھ کام کیا جائے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ جو بھی ذخیرہ اندوزی کرے گا اس کے خلاف کارروائی کی جائے۔ وزیر اعظم نے ہدایت دی کہ پٹرولیم مصنوعات کی ذخیرہ اندوزی